رُخِ زیبا سے ہے زیبائی عالم کو فروغ   تجھ سے ہے رنگِ چمن حسنِ بہاراں تجھ سے

سلام اُس پہ لقب خیرالامم جس سے ملا ہم کو   یقین کا نور، ایمان کا علم جس سے ملا ہم کو

حافظ صاحب محترم نے اس کتابچے میں ترجمے کے ساتھ گیارہ ایسی احادیث اکٹھی کر دی ہیں جو برکات حاصل کرنے اور مشکلات سے رہائی پانے کے لیے بطور دعا پڑھی جاتی ہیں۔ یہ کتابچہ بھی بہت خوشنما ہے اور ثواب حاصل کرنے کی نیت سے شائع کیا گیا ہے۔ مندرجہ بالا پتہ سے طلب کیجیے۔

(نظر زیدی)

ماہنامہ کتاب نما (دہلی) | ایڈیٹر: شاہد علی خاں۔ ناشر: مکتبہ جامعہ لمیٹڈ، جامعہ نگر، نئی دہلی۔ بھارت۔ قیمت فی پرچہ پانچ روپے۔ سالانہ چندہ ۴۵/ روپے

حصول آزادی کے بعد بھارت میں اُردو زبان پر جو اُفتاد پڑی، وہ اپنی جگہ۔ متعصب ہندو قیادت نے اس زبان کو مٹانے کا فیصلہ کر لیا۔ جو اس ملک کی عظمت کا ایک نشان ہے، لیکن اس حکومتی رویے کے باوجود بھارت میں اُردو کا علم سرنگوں نہ ہوا۔ اہلِ ہمت نے جن میں ایک بڑی تعداد ہندوؤں کی بھی ہے، اس زبان کی بقا اور ترقی کے لیے نہایت مفید خدمات انجام دیں اور دے رہے ہیں۔

ماہنامہ کتاب نما دہلی اس کا ایک ثبوت ہے۔ ہم دعا کرتے ہیں خدا کرے کہ اُردو کی اس شمع درخشاں کو روشن رکھنے میں کامیاب رہیں۔

(نظر زیدی)